جوہرآباد شوگر ملز لمیٹڈ

اطلاع سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ جوہرآباد شوگر ملز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے حصص داران کا 48واں سالانہ اجلاس عام بروز منگل 31 جنوری 2017ء کو دن 11:30 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر A-109، گلی نمبر 3، کیولری گراؤنڈ، لاہور کینٹ پر درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

عمومی امور

1۔ 30 نومبر 2016ء کو منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

2۔ 30 ستمبر 2016ء کو **مختتمہ** سال کیلئے کمپنی کے تنقیح شدہ سالانہ حسابات معہ ڈائریکٹران اور آڈیٹران کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور ان کی منظوری۔

3۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 30 ستمبر 2016ء **مختتمہ** سال کیلئے نقد منافع منقسمہ بشرح 10 فیصد یعنی -/1 روپے فی عام شیئر کی ادائیگی پر غور وخوض اور منظوری دینا۔

4۔ آڈیٹران کا تقرر اور ان کے معاوضہ کا تعین۔

5۔ صاحب صدر کی اجازت سے کوئی دیگر امور۔

حسب الحکم بورڈ

عمران الیاس

کمپنی سیکرٹری

لاہور

07 جنوری 2017ء

نوٹ:

1۔ کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں بروز منگل 24 جنوری 2017ء تا بروز منگل 31 جنوری 2017ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ **منتقلیاں** کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور کے ہاں سوموار 23 جنوری 2017ء کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے استحقاق کیلئے بروقت تصور ہوں گی۔

2۔ اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ممبر، اجلاس کی شرکت کیلئے اپنی بجائے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ بصورت کارپوریٹ اینٹٹی بورڈ آف ڈائریکٹرز قرارداد/مختارنامہ معہ نمائندہ کے مختصر دستخط پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کے ہاں جمع کرانا چاہیے۔ پراکسیاں تاآنکہ مؤثر ہو سکیں۔ اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر پر لازماً وصول ہو جانی چاہئیں۔

3۔ وہ ممبران جو اپنے حصص سنٹرل ڈپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے ہاں جمع کرا چکے ہوں سے درخواست ہے کہ اپنے اصل CNIC، اکاؤنٹ اور **پارٹیسپیشن** کے نمبرز ہمراہ لائیں۔ ایسے ممبران کو مزید برآں SECP کے سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں دی گئی گائیڈ لائنز کی پیروی کرنا ہوگی۔

4۔ ممبران کو کمپنی اور سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت تمام کارسپانڈنس میں اپنا فولیو نمبر تحریر کرنا چاہیے۔

5۔ ممبران سے التماس ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتوں کی تبدیلی، زکوٰۃ ڈیکلیریشن اور ٹیکس ایگزیمپشن سٹیٹس، اگر کوئی ہو، باقاعدہ بہمراہ کارآمد سرٹیفکیٹس فی الفور کمپنی کے انڈی پینڈنٹ شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

6۔ SECP ہدایات کے مطابق ڈیویڈینڈ وارنٹس پر رجسٹرڈ حصص دار کا CNIC نمبر لازماً تحریر ہونا چاہئے۔اس لئے ممبران جنہوں نے ابھی تک اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کمپنی کو جمع نہیں کرائی سے التماس ہے کہ کمپنی کے انڈی پینڈنٹ شیئر رجسٹرار کے دفتر میں ارسال کریں۔

7۔ سرکلرز نمبر 18 آف 2012ء مورخہ 5 جون 2012ء کی رو سے SECP کی ہدایات کے مطابق ہم ان حصص داران جنہوں نے آئندہ کمپنی سے اعلان کردہ منافع منقسمہ اگر کوئی ہو، ڈیویڈینڈ وارنٹ جاری کرنے کی بجائے اپنے متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست جمع کرنے کیلئے کمپنی کے بااختیار کو ڈیویڈینڈ مینڈیٹ معلومات مہیا نہیں کیں کو موقع دیتے ہیں۔ڈیویڈینڈ مینڈیٹ معلومات بصورت بک انٹری سکیورٹیز سی ڈی ایس میں متعلقہ سی ڈی ایس **پارٹیسپنٹس** کو اور بصورت مادی حصص کمپنی کے انڈی پینڈنٹ شیئر رجسٹرار کو مہیا کی جانی چاہئیں۔ڈیویڈینڈ مینڈیٹ فارم کی کاپی کمپنی کی ویب سائٹ www.jsml.com.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

8۔ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 سے مجوزہ ڈیویڈینڈ ادائیگیوں پر موجود دو ہولڈنگ ٹیکس ریٹس فائلرز کیلئے 12.5% اور نان فائلرز کیلئے 20% ہیں۔کمپنی کو نقد منافع منقسمہ کی رقم پر ٹیکس ڈیڈکشن 20% کی بجائے 12.50% کی شرح سے کرنے کے قابل بنانے کیلئے تمام حصص داران جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ویب سائٹ پر دستیاب ایکٹو ٹیکس پیئرز فہرست (ATL) میں درج نہیں ہیں سے التماس ہے کہ ڈیویڈینڈ وارنٹس کے اجراء کی تاریخ سے قبل ATL میں اپنے ناموں کا اندراج یقینی بنائیں بصورت دیگر ان سے نان فائلرز (باوجود اس حقیقت کے کہ وہ انکم ٹیکس ریٹرن کے فائلرز ہیں) سلوک کیا جائے گا اور ان کے نقد منافع منقسمہ پر ٹیکس بشرح 20% منہا کیا جائے گا۔

9۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ کے حامل کارپوریٹ حصص داران کو اپنے متعلقہ **پارٹیسپنٹس** کے ہاں اپنے قومی ٹیکس نمبر (NTN) اپ ڈیٹ رکھنے چاہئیں، جبکہ کارپوریٹ مادی حصص داران کو اپنے NTN سرٹیفکیٹس کی کاپی کمپنی یا کمپنی کے انڈی پینڈنٹ شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔

10۔ ایف بی آر کی وضاحت کے مطابق آرڈیننس کی دفعہ 159 کے تحت کارآمد ایگزیمپشن سرٹیفکیٹ، آرڈیننس کیلئے دوسرے شیڈول کی کلاز 47B کے پارٹ۔iv کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس کی رعایت کا دعویٰ کرنے کیلئے ضروری ہے بالا کلاز میں مذکورہ **کیٹیگری** میں آنے والے ہمارے کمپنی کے انڈی پینڈنٹ شیئرز رجسٹرار کو کارآمد ٹیکس ایگزیمپشن سرٹیفکیٹ لازماً مہیا کریں، بصورت دیگر ڈیویڈینڈ رقم پر ٹیکس مجوزہ ریٹس کے مطابق منہا کیا جائے گا۔

11۔ ایف بی آر نے واضع کیا ہے کہ فائلرز اور نان فائلرز کے ملکیتی مشترکہ حصص داران کے اکاؤنٹس سے الگ الگ سلوک کیا جائے گا اور ایسی خاص صورت حال میں ہر ایک اکاؤنٹ ہولڈر سے یا تو فائلرز یا نان فائلر سلوک کیا جائے گا اور ٹیکس اس کے شیئر ہولڈنگ کے مطابق منہا جائے گا۔اگر شیئر قابل تحقیق ہے تو ہر ایک اکاؤنٹ ہولڈر شیئرز کے مساوی تناسب کا مالک تصور ہوگا اور اس کے مطابق ڈیڈکشن ہوگی اس لئے زیادہ شرح پر ٹیکس کی ڈیڈکشن سے بچنے کیلئے مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے شیئر ہولڈنگ کی حسب ذیل تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو کم از کم AGM کی تاریخ تک مہیا کریں۔

فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	نام شیئر ہولڈر	کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئر ہولڈنگ	کل حصص	پرنسپل/جوائنٹ شیئر ہولڈر

12۔ 30 ستمبر 2016ء **مختتمہ** سال کیلئے کمپنی کے مالیاتی حسابات معہ ان پر آڈیٹران اور ڈائریکٹران کی رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.jsml.com.pk پر رکھے جاچکے ہیں۔

99 Concept Advertising